More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

## باب نمبر 21

# نوری جام تماچی

### اہم الفاظ اور معنی:

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| امر | ہمیشہ کے لئے زندہ | حاکم | حکمران |
| گذر بسر | روزگار | باحیا | شرم اور لحاظ رکھنے والی |
| بخوشی | خوشی سے | فلاں دن | ایک مخصوص دن |
| زیب تن | جسم پر پہن کر | لجاتی | شرماتی ہوئی |
| زرق برق | چمکیلے اور رنگین | زربفت | سونے کے تاروں سے بنا ہوا |
| زندہ و جاوید | ہمیشہ کیلئے مشہور | عش عش | تعریف و توصیف |

### سبق کا مرکزی خیال:

خوبصورتی اور حسن کسی زیور اور بناوٹ کے محتاج نہیں ہوتے۔ اصل حسن اور خوبصورتی وہ ہے جو اپنی اصل حالت اور سادگی میں سب سے نمایاں اور اپنی طرف مائل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔

### سبق کا خلاصہ:

"نوری جام تماچی" سندھ کی ایک مشہور لوک داستان ہے جسے شاہ عبداللطیف بھٹائی نے نہایت خوبصورتی سے اپنی شاعری میں بیان کیا ہے۔ اس کہانی کے دو کردار ہیں جن میں جام تماچی سموں خاندان کے دور حکومت میں سندھ کا حکمران تھا جبکہ نوری ایک غریب مچھیرے کی بیٹی تھی۔ ایک مرتبہ جام تماچی ضلع ٹھٹھہ کے نزدیک واقع کینجھر جھیل کی سیر

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

کے لئے آیا۔ اس جھیل کے کنارے غریب مچھیروں کی بستی آباد تھی۔ مچھیروں کی بستی کے تمام مرد، عورتیں اور بچے سندھ کے حکمران کو دیکھنے کیلئے جمع ہو گئے۔ جام تماچی سب سے خوش اخلاقی سے ملا اور اچانک اس کی نظر نوری پر پڑ گئی جو اپنے پرانے کپڑے پہنے ہوئے اپنی جھونپڑی کے باہر کھڑی تھی۔ جام تماچی کو نوری بہت پسند آئی اور اس نے نوری سے شادی کا فیصلہ کر لیا اگرچہ جام تماچی شادی شدہ تھا اور اس کی اور بھی بیویاں تھیں۔

جام تماچی نے نوری کے والدین کو شادی کا پیغام بھجوایا۔ جو قبول کر لیا گیا اور اس طرح نوری اور جام تماچی کی شادی ہو گئی اور نوری جام تماچی کی رانی بن گئی۔ ایک دن جام تماچی نے اپنی تمام بیویوں سے کہا کہ وہ مخصوص دن خوب بناؤ سنگھار کر کے اور خوبصورت لباس پہن کر اس کے سامنے آئیں جس کا لباس اور بناؤ سنگھار اسے پسند آ گیا اسے وہ اپنی مہارانی بنا دے گا۔ مقررہ دن پر جام تماچی کی تمام بیویاں خوب بناؤ سنگھار کر کے اور خوبصورت لباس پہن کر جام تماچی کے سامنے آئیں لیکن نوری اپنے پرانے کپڑے پہن کر شرماتی ہوئی اس کے سامنے آ گئی۔ یہ وہی لباس تھا جو اس نے اس وقت پہنا ہوا تھا جب جام تماچی کی اس سے پہلی ملاقات ہوئی تھی۔ جام تماچی نے اپنی تمام بیویوں کا جائزہ لیا اور نوری سے پوچھا کہ اس نے سونے کے تاروں کا بنا ہوا لباس کیوں نہیں پہنا تو نوری ادب سے جواب دیا کہ وہ ایک غریب مچھیرے کی بیٹی ہے جبکہ باقی بیگمات سموں خاندان کی عزت دار شہزادیاں ہیں اس لئے اس کا ان بیگمات سے کوئی مقابلہ نہیں اور اسے اپنا غریبوں والا لباس بہت عزیز ہے اس لئے وہی پہن لیا۔ جام تماچی نوری کا جواب سن کر بہت خوش ہوا وہ اس کی سادگی اور حیا سے بہت متاثر ہوا اور اسے وہ واقعہ بھی یاد آ گیا کہ اس نے نوری کو اسی لباس میں پسند کیا تھا۔ اس نے نوری کو اپنی مہارانی بنانے کا اعلان کر دیا۔ اس واقعے کے بعد وہ نوری سے اور بھی زیادہ محبت کرنے لگا اور اس کے بعد وہ جب بھی جھیل کی سیر کیلئے جاتا تو نوری کو بھی اپنے ساتھ ضرور لے کر جاتا۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

# حل شدہ مشق

سوال نمبر ۱: درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے:

(الف): نوری کون تھی اور کہاں رہتی تھی؟

جواب: نوری ایک غریب مچھیرے کی بیٹی تھی۔ وہ ضلع ٹھٹھہ کے قریب واقع کینجھر جھیل کے کنارے آباد مچھیروں کی بستی میں رہتی تھی۔

(ب): جام تماچی کون تھا؟

جواب: سمول خاندان کے دور حکومت میں جام تماچی سندھ کا ایک مشہور حکمران تھا۔

(ج): جام تماچی نے نوری کو مہارانی کس بنیاد پر بنایا؟

جواب: جام تماچی نے نوری کو اس کی سادگی اور حیا کی بنیاد پر مہارانی بنایا نوری نے جام تماچی کی باقی بیگمات سے کوئی مقابلہ نہیں کیا بلکہ اپنا پرانا لباس پہن لیا جو اس نے اس وقت پہنا ہوا تھا جب جام تماچی نے اسے پہلی مرتبہ دیکھا تھا۔

(د): نوری نے جام تماچی کے دل میں کیسے گھر کرلیا؟

جواب: نوری نے اپنی سادگی، شرم اور حیاء کے ساتھ اپنے مودّبانہ انداز کی بدولت جام تماچی کے دل میں گھر کرلیا۔

سوال نمبر ۲: درست جواب پر (✓) کا نشان لگایئے:

(الف): جام تماچی ــــــــ کی سیر کے آیا۔

(۱) دریا (۲) سمندر (۳) نہر (۴) جھیل (✓)

(ب): نوری ــــــــ کی بیٹی تھی۔

(۱) لکڑ ہارے (۲) لوہار (۳) مچھیرے (✓) (۴) مزدور

(ج): جام تماچی سندھ کا مشہور ــــــــ گزرا۔

(۱) بادشاہ (۲) حاکم (✓) (۳) حکیم (۴) طبیب

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(د): اس کہانی کو ۔۔۔۔۔۔۔ نے اپنی شاعری میں بیان کیا۔
(۱) شاہ عبداللطیف بھٹائی (✓) (۲) سچل سرمست
(۳) بلھے شاہ (۴) علامہ اقبال

(ہ): جام تماچی نے نوری کو ۔۔۔۔۔۔۔ بنانے کا اعلان کر دیا۔
(۱) نوکرانی (۲) مہارانی (✓) (۳) بیوی (۴) رانی

سوال نمبر۳: درج ذیل الفاظ کے معنی لغت میں تلاش کر کے لکھیے:
جواب کیلئے سبق کے اہم الفاظ معنی دیکھیے:

سوال نمبر۴: نوری جام تماچی کی کہانی کو اپنے لفظوں میں لکھیے:
جواب کے لئے سبق کا خلاصہ دیکھیے:

سوال نمبر۵: سندھ کی اور کون کونسی لوک کہانیاں مشہور ہیں؟ ان کے نام لکھیے:
جواب: سندھ کی مندرجہ ذیل لوک کہانیاں بہت مشہور ہیں۔
(i) مومل راڻو (ii) مُحر مارئی (iii) سسی پنھوں

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

www.Perfect24u.com